© rasailojaraid.com



# تعارف و تبصرۂ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

## (۱)

نام کتاب : منشورِ قرآن (انڈکس مضامین قرآن کریم)

مؤلف : عبدالحکیم ملک

ضخامت: 1312 صفحات ...... ہدیہ: -/450 روپے

ناشر: اسلامک ریسرچ فاؤنڈیشن، 9۔ رحیم آباد، پنجند روڈ، مظفر گڑھ

ملنے کے پتے: ☆ فیروز سنز، لاہور۔ ☆ مکتبہ سید احمد شہید، اردو بازار، لاہور۔

☆ ادارہ اسلامیات، انارکلی، لاہور۔ ☆ منشورات، منصورہ، لاہور۔

قرآن مجید نوعِ انسانی کی ہدایت کا منشور ہے۔ اسے سمجھ کر پڑھنا ضروری ہے۔ چنانچہ اس کی تفہیم کے لئے بے شمار کتب لکھی گئی ہیں۔ ہر کسی نے کوشش کی ہے کہ وہ مؤثر ترین انداز میں قرآنی تعلیمات پیش کرے۔ منشورِ قرآن بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

منشورِ قرآن ایک عجیب و غریب کتاب ہے۔ اس میں قرآن مجید میں بیان شدہ مضامین کا انڈکس دیا گیا ہے۔ فہرست میں مطلوبہ مضمون دیکھ کر اُس کے متعلقہ صفحات دیکھیں تو وہاں اس مضمون کے متعلق قرآن مجید کی تمام آیات یکجا ملیں گی۔ اس طرح یہ کتاب قرآنی تعلیمات کی بنیاد پر تحقیقی کام کرنے والوں کے لئے سہولت فراہم کرتی ہے۔

اس کتاب میں قرآن مجید میں بیان کردہ مضامین کا اشاریہ اردو، عربی اور انگریزی تین زبانوں میں دیا گیا ہے۔ ہر صفحہ تین کالموں پر مشتمل ہے۔ درمیان والے کالم میں متعلقہ مضمون کی آیات مع حوالہ درج کی گئی ہیں، جبکہ دائیں طرف والے کالم میں ان آیات کا اردو ترجمہ مع حوالہ اور بائیں کالم میں انگریزی ترجمہ مع حوالہ لکھا گیا ہے۔

منشورِ قرآن بہت محنت اور کاوش کے ساتھ تیار کی گئی ہے، جسے وقت کے علماء نے بہت پسند کیا ہے اور مفید قرار دیا ہے۔ منشورِ قرآن تعلیم و تحقیق سے وابستہ اساتذہ کے علاوہ ماہرین

© rasailojaraid.com